سوال

(132) ''جب پر امام خاموش ہو تو تم پڑھو''

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب امام خاموش ہو تو تم پڑھا کرو اور جب وہ پڑھے تو تم خاموش ہو جایا کرو۔ (عبدالستار سومرو کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کی سند سخت ضعیف بلکہ موضوع ہے۔ دیکھئے کتاب القرآءت للبیہقی (79،80) اس کی سند میں اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروہ کذاب و متروک ہے لہذا ایسی موضوع و من گھڑت روایتیں بیان کرنا جائز نہیں ہے۔ (شہادت مارچ 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ310

محدث فتویٰ